بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حرفِ اوّل

الحمد للہ، اب "حکمتِ قرآن" کی ادارتی ذمہ داری جناب محمد رفیق چودھری صاحب کے سپرد کی گئی ہے - یہ شمارہ انہی کی ادارت میں نکل رہا ہے - چودھری صاحب جامعہ پنجاب سے عربی اور اسلامیات میں ایم اے ہیں - اب وہ اسلامیات میں پی ایچ ڈی بھی کر رہے ہیں - انہوں نے اسلام پر چند کتابیں بھی لکھی ہیں جن میں "حدیرحم" اور "قرآن سے ایک انٹرویو" بہت اہم ہیں - اللہ تعالےٰ نے موصوف کو مطالعہ و تحقیق کا خاص ذوق عطا کیا ہے - علومِ قرآنی کے وہ خاص طور پر طالب علم ہیں اور قرآنیات کے بارے میں اچھی واقفیت رکھتے ہیں - "حکمتِ قرآن" کی ادارت کے علاوہ چودھری صاحب بعض اوقات قرآن اکیڈمی میں زیرِ تعلیم طلبہ کو دینی موضوعات پر خصوصی لیکچر بھی دیا کریں گے - انہیں اس سلسلے میں جامعہ کی سطح پر تدریس کا عملی تجربہ بھی حاصل ہے -

ہم قرآن اکیڈمی کے کام میں چودھری صاحب کی شمولیت کو ایک مفید اضافہ سمجھتے ہیں - اللہ تعالےٰ سے دعا ہے کہ وہ ان کو زیادہ سے زیادہ دینی خدمت کی توفیق دے!

---

اس شمارے میں "مضاربت" کے موضوع پر مولانا محمد طاسین صاحب کے طویل مقالے کی پہلی قسط شائع ہو رہی ہے - اس کی ابھی مزید دو قسطیں باقی ہیں جو آئندہ کی اشاعتوں میں انشاءاللہ پیش کی جائیں گی -

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com